© rasailojaraid.com

# معذرت

گذشتہ چند مہینوں سے "ترجمان القرآن" کی اشاعت میں مسلسل تاخیر ہو رہی ہے خصوصاً جمادی الاولیٰ کا پرچہ تو بہت ہی زیادہ تاخیر کے ساتھ شایع ہوا۔ ناظرین میں سے بکثرت احباب نے اس کی شکایت کی اور اس شکایت میں وہ حق بجانب ہیں۔ لیکن ناظرین کو ہم یقین دلاتے ہیں کہ رسالہ کی اشاعت میں جو بے ترتیبی واقع ہو گئی ہے ایسے اسباب کی وجہ سے ہے جن میں ہمارے قصد و اختیار کو کچھ بھی دخل نہیں۔ سال رواں کے آغاز سے ادارۂ ترجمان القرآن جن مشکلات میں مبتلا ہے ان کا ذکر اشارۃً محرم کی اشاعت میں کیا جا چکا ہے۔ افسوس ہے کہ وہ مشکلات ہماری انتہائی جد و جہد کے باوجود ابھی تک باقی ہیں اور تین چار مہینے تک ان کے دور ہونے کی کوئی امید نہیں۔ لہٰذا ناظرین سے التماس ہے کہ جس طرح ہم اپنی مشکلات کا صبر سے مقابلہ کر رہے ہیں اسی طرح وہ بھی ہمارے شریکِ حال ہو کر مزید چند اشاعتوں تک اس بے ترتیبی کو صبر کے ساتھ برداشت کریں۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہم کو امید ہے کہ وہ بہت جلدی ہماری مشکلات کو رفع کرے گا، اور اس کے بعد رسالہ اسی طرح پابندی وقت کے ساتھ شائع ہوتا رہے گا جس طرح ابتدائی دو سال تک ہوتا رہا۔

جب مہینے کے خاتمہ تک رسالہ نہیں پہنچتا تو بعض حضرات کو اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں راستہ میں غائب نہ ہو گیا ہو۔ اور ہم اپنے قاعدہ کے مطابق دوسرا پرچہ بھیجنے کے لیے قیمت کی شرط لگاتے ہیں۔ لیکن خریداران ترجمان القرآن مطمئن رہیں کہ جب رسالہ تاخیر کے ساتھ شائع ہوگا تو ادارہ کی طرف سے اپنی کوتاہی کا اعتراف کیا جائے گا، اور کسی خریدار سے ناجائز طور پر ایک پیسہ بھی وصول نہ کیا جائے گا۔

منیجر

© rasailojaraid.com